سوال

(1030)خطبہ کے دوران دعائیہ کلمہ پر آمین کہنا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

جمعہ کے خطبے میں خطیب اگر دعائیہ جملہ کہے تو کیا سامعین آمین کہہ سکتے ہیں؟ جمعے کی نماز کے لیے نکلیں اور سپیکر سے جمعے کے خطبے کی آواز سنائی دے رہی ہو تو مسجد پہنچنے سے پہلے (خطبہ سننے کی حالت میں) آدمی کوئی ذکر یا ضروری بات کر سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعليكم السلام ورحمة الله وبركاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

خطبہ کے دوران آمین کہہ دے، تو کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ اس سے خطبے کا سماع متاثر نہیں ہوتا۔ دور سے محض خطبے کے سماع سے خاموشی لازم نہیں۔ بلکہ جب اس کے لیے تیار ہو کر باقاعدہ سماع کرے، تو پھر مستمع شمار ہوگا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 824

محدث فتویٰ